PS+YOU

چانسلر Melissa Aviles-Ramos کی جانب سے

NYC Public Schools








**کثیر السطح نظام برائے معاونت**

عزیز اہل خانہ اور رفقائے کار،

ایک مخفف (acronym) ہے جو ہو سکتا ہے کہ ان دنوں آپ کے اکثر سننے میں آیا ہو—کلاس روم میں، والدین اساتذہ کانفرنسوں میں، عملے کا پیشہ ورانہ فروغ اور دیگر حلقوں میں۔ یہ مخفف MTSS ہے، اور اس کا مطلب ہے کثیر السطح نظام برائے معاونت۔ MTSS گو کہ ایک طویل عنوان ہے، اس کا مطلب بہت سادہ ہے: ہر طالب علم حسب ضرورت حاصل کرتا رہے۔

MTSS کی شروعات طلباء کی پیش رفت کے بارے میں گہری سمجھ سے ہوتی ہے۔ اساتذہ اعداد و شمار کے متعدد نکات بشمول تشخیصی عمل، جانچ، کلاس ورک، اور دیگر کا احتیاط سے جائزہ لیتے ہیں، تاکہ ان طلباء کی نشاندہی کی جائے جنہیں اضافی معاونت کی ضرورت ہے اور یہ کہ انہیں کس قسم کی معاونت کی ضرورت ہے۔ مثال کے طور پر، مطالعہ کرنے میں، کسی طالب علم کو صوتیات میں اضافی مدد کی ضرورت ہو سکتی ہے، تاکہ ان کی روانی میں بہتری آ سکے، جبکہ دوسرے طلباء ذخیرۂ الفاظ کی مدد سے صفحے پر نظر آنے والے الفاظ کو بہتر طور پر سمجھنے کا فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

پھر، ان منفرد ضروریات سے نمٹنے کے لیے، اساتذہ ہر طالب علم کو اہدافی تدریس فراہم کرتے ہیں—جسے ایک مداخلت (intervention) کہا جاتا ہے— تاکہ وہ چھوٹے گروپس میں اس مخصوص صلاحیت کی اکثر مشق کر سکیں۔ تعلیمی سال کے دوران، اساتذہ ان مداخلتوں میں طلباء کی پیش رفت کی بنیاد پر ترامیم کرتے رہتے ہیں۔

کئی اسکول طویل عرصے سے MTSS پر عمل درآمد کر رہے ہیں۔ لیکن جیسے کہ میں نے حال ہی میں اعلان کیا ہے، اب ہم MTSS کو NYC ریڈز کے ایک حصے کے طور پر پورے نظام میں چلا رہے ہیں۔ ہم ہمارے تمام شہر میں MTSS کے لیے

رہنما خطوط تشکیل دے رہے ہیں، جس میں نشاندہی کی جاتی ہے کہ اسکولوں کو کونسی مداخلتیں استعمال کرنی چاہییں تاکہ تمام بچوں کو—بشمول ہمارے معذوری کے حامل طلباء اور کثیرالسانی متعلمین— اعلیٰ معیاری، انفرادی تدریسی تجربات میسر آ سکیں۔

MTSS کے ساتھ، ہم یقینی بناتے ہیں کہ ہمارے طلباء کو وہ حاصل ہو جن کی انہیں ماہر اور کامیاب مطالعہ بین ہونے کے لیے ضرورت ہے۔

شراکت میں،

Melissa Aviles-Ramos
چانسلر

**چانسلر کا مرکز توجہ (اسپاٹ لائٹ):**
برونکس میں واقع Leadership and Community Service Academy میں، MTSS ایک مکمل عملی کوشش ہے۔ پورا عملہ MTSS کو نافذ کرنے میں مدد کرتا ہے، چاہے مداخلتیں فراہم کر کے یا بنیادی سہولیات میں معاونت کر کے۔ اسکول دن بھر میں ہر ایک موقع استعمال کرتا ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ چھوٹے گروپس میں جتنا ممکن ہو سکے مداخلتیں پیش کر سکے، اور نتائج طلباء کی اپنی کارکردگیوں سے عیاں ہیں۔ جیسے کہ ایک طالب علم نے کہا "میں ہر معیار (benchmark) پر بہتر ہوتا گیا" اسکول کے مطالعہ گروپس کی وجہ سے۔

چانسلر کے اسپاٹ لائٹ کے لیے کسی فرد یا پروگرام کو یہاں نامزد کریں۔

**ہماری مرکزِ توجہ وڈیو:**



ترجمے کے لیے، برائے مہربانی ہمارے YouTube صفحے پر جائیں۔
" آئیکان پر کلک کریں Settings" کے آئیکان پر کلک کریں۔ "CCترجمہ شدہ تحریر (سب ٹائٹلز) تک رسائی کے لیے: "
" منتخب کریں اور اپنی زبان منتخب کریں۔Auto Translate" منتخب کریں۔ "Subtitles/CCاور "

**NYCPS خبریں اور وسائل:**

- The Morning Bell پر اس مہینے میں طلباء کے لیے مواقع کا جائزہ لیں۔
- مزید خبروں اور وسائل کے لیے، NYCPS کو آن لائن فیس بُک، انسٹاگرام، X، اور یوٹیوب پر فالو کریں۔
- یہاں پر میئر Eric Adams کی ہفتہ وار وڈیو ہے۔ آپ میئر کے دفتر سے براہ راست تازہ ترین معلومات حاصل کرنے کے لیے سائن اپ کر سکتے ہیں۔

NYCPS خاندان: اگر آپ اس خبرنامے کو مزید وصول نہیں کرنا چاہتے تو خارج ہونے کے لیے برائے مہربانی ان سبسکرائب کریں.